# کثیر الانتخابی سوالات

1۔ شاعر نے کس چیز کو رہنما ٹھہرایا ہے؟
(a) وصلِ محبوب (b) محبوب کی تمنا (c) واعظ کی نصیحت (d) غمِ روزگار

2۔ کون سی چیز راحت فزا ہو گئی ہے؟
(a) رنج (b) مصیبت (c) ناکامی (d) حسرت

3۔ ذاتِ باری تعالیٰ کی شان کہاں نظر آتی ہے؟
(a) سرد و گرم میں (b) خشک و تر میں
(c) اُجالے اور تاریکی میں (d) ان سب میں

4۔ نظم "حمد" کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(a) احسان دانش (b) جمیل الدین عالیؔ (c) حفیظؔ جالندھری (d) جوشؔ ملیح آبادی

5۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ کا شامل نصاب سبق ہے:
(a) نظریۂ پاکستان (b) ملمع (c) چُغل خور (d) استنبول

6۔ مسلم لیگ کس نے قائم کی؟
(a) سر سید احمد خاں (b) نواب محسن الملک
(c) قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ (d) نواب وقار الملک

7۔ کانگریس کب قائم ہوئی؟
(a) 1885ء میں (b) 1886ء میں (c) 1895ء میں (d) 1906ء میں

8۔ مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے:
(a) جائیداد خریدنے پر (b) خیرات کرنے میں (c) کتابوں پر (d) کھانے پینے پر

9۔ مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی؟
(a) بی۔اے (b) ایم۔اے تاریخ
(c) ایم۔اے انگریزی ادب (d) ایم۔اے اُردو ادب

10۔ سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟
(a) نذیر احمد دہلوی (b) شاہد احمد دہلوی (c) اشرف صبوحی (d) مولوی عبدالحق

11۔ درست تلفظ والا لفظ ہے:
(a) صَبْرٌ (b) صَبَرٌ (c) صَبُرٌ (d) صَبِرٌ

12۔ اسم مفعول کی شناخت کیجیے۔

Nauman Sadaf www.zahidenotes.com

(a) عابد (b) عبادت (c) عبد (d) معبود

13۔ "رات" گرامر کی رو سے ہے:

(a) ظرف زماں (b) ظرف مکاں (c) اسم جامد (d) اسم مصدر

14۔ اسم علم کی اقسام ہیں:

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھے

15۔ درج ذیل میں مہمل ہیں:

(a) ووٹی۔ وانا (b) روٹی۔ کھانا (c) مسجد۔ گھر (d) صبح۔ شام

16۔ انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟

(a) ابتدا کرنا (b) جہدِ مسلسل (c) ایثار (d) چاہت اور محنت

17۔ کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہو گئی ہے؟

(a) راہِ محبت (b) دیارِ وفا (c) رہِ دیارِ غیر (d) راہِ وفا

18۔ اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہو گا؟

(a) خدا تعالیٰ کا (b) انسان کا (c) کائنات کا (d) ان سب کا

19۔ "گورستان" کس کی تصنیف ہے؟

(a) حفیظ جالندھری (b) حفیظ تائب (c) احسان دانش (d) ماہر القادری

20۔ 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہو گئی:

(a) غزلوں کی طرف (b) نظموں کی طرف (c) مرثیے کی طرف (d) شہر آشوب کی طرف

21۔ سبق "پرستان کی شہزادی" کس مصنف کی تحریر ہے؟

(a) شاہد احمد دہلوی (b) ہاجرہ مسرور (c) اشرف صبوحی (d) سجاد حیدر یلدرم

22۔ سیّد انی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:

(a) زردہ (b) بونٹ پلاؤ (c) فیرنی (d) بریانی

23۔ پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے:

(a) بالشت بھر (b) چھے فٹ (c) ایک ایک فٹ (d) گز بھر

24۔ حسن نظامی نے دلّی کے جو نوحے لکھے، ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟

(a) عظمتِ رفتہ (b) احساسِ شادمانی (c) عید کا ذکر (d) لُطف و مسرت

25۔ شاعر نے "لذت افزائے شورِ طفلی" میں کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(a) بادل (b) ستارے (c) عید الفطر کا چاند (d) نمازِ عید الفطر

26۔ "نفاست" کا درست تلفظ ہے:

www.zahidenotes.com
Nauman Sadaf

(a) نَفَاسَتْ (b) نِفَاسَتْ (c) نُفَاسِتْ (d) نَفَاسِتْ

27۔ "ہو بہو" گرامر کی رو سے ہے:

(a) حرفِ بیان (b) حرفِ علت (c) استعارہ (d) حرفِ تشبیہ

28۔ مضاف اور مضاف الیہ کے مجموعہ کو کہا جاتا ہے:

(a) مرکب توصیفی (b) مرکب اضافی (c) مرکب اشاری (d) مرکب عددی

29۔ "تک" گرامر کی رو سے ہے:

(a) حرف اضافت (b) حرف بیان (c) حرف جار (d) حرف عطف

30۔ "وہ دوڑتا تھا" کون سا فعل ہے؟

(a) فعل ماضی قریب (b) فعل ماضی بعید (c) فعل ماضی استمراری (d) فعل حال

31۔ فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟

(a) محبوب کی خوش قامتی سے (b) خوش ادائی سے
(c) انگڑائی سے (d) محفل آرائی سے

32۔ محبوب کے سادگی سے ملنے کا شاعر پر کیا اثر ہوتا ہے؟

(a) خوشی سے پھولا نہیں سماتا (b) محبوب کے ستم بھول جاتا ہے
(c) نشہ سا چھا جاتا ہے (d) ہر غم بھول جاتا ہے

33۔ شاعر کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا اثر ہوا:

(a) پانی جم گیا (b) پانی غمگین ہو گیا (c) پانی کھولا ہوا تھا (d) کچھ اثر نہیں ہوا تھا

34۔ رن کی زمین سرخ تھی اور آسماں تھا:

(a) سبز (b) نیلا (c) زرد (d) سرخ

35۔ مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی:

(a) باغ میں (b) چٹیل میدان کی طرف (c) پائیں باغ میں (d) دریا کی سمت

36۔ آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

(a) تین (b) پانچ (c) سات (d) نو

37۔ مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لئے نعمت تصور کیا ہے؟

(a) روٹی کی محتاجی (b) دوست نہ ہونا (c) غریب الوطنی (d) بھیک مانگنا

38۔ مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے؟

(a) محمد تحسین (b) احمد مرزا (c) قرض خواہ دوست (d) مقدمے باز دوست

39۔ شاکر صاحب مصنف کو لے گئے:

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

(a) سلیم پور (b) دِلّی (c) جے پور (d) شاہ پور

40۔ مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے:

(a) احمد مرزا (b) شاکر صاحب (c) قرض خواہ دوست (d) محمد تحسین

41۔ "تلاوت" کا درست تلفظ ہے:

(a) تِلَاوَتْ (b) تُلَاوَتْ (c) تِلْاوَتْ (d) تَلَاوُتْ

42۔ "وہ گیا تھا" فعل ہے:

(a) فعل ماضی مطلق (b) فعل ماضی قریب (c) فعل ماضی بعید (d) فعل ماضی استمراری

43۔ "مصدر" کی نشان دہی کیجیے:

(a) لکھنا (b) لکھائی (c) لاکھ (d) شام

44۔ "کلہاڑا" قواعد کی رو سے ہے:

(a) اسم صوت (b) اسم ظرف (c) اسم آلہ (d) اسم مکبر

45۔ "غبارِ کارواں" کس کی تصنیف ہے؟

(a) شفیع عقیل (b) اشرف صبوحی (c) ہاجرہ مسرور (d) احسان دانش

46۔ روح کو محبت کا مزہ کب ملتا ہے؟

(a) دل کی ہمسائیگی میں (b) ہجر و فراق میں
(c) وصال میں (d) تنہائی اور یک سُوئی میں

47۔ کسان قدرت کے جلوے کا ہے:

(a) نباض (b) گواہ (c) مداح (d) شاہد

48۔ نظم "کسان" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(a) جوشؔ ملیح آبادی (b) جمیل الدین عالیؔ (c) میر انیسؔ (d) دلاور فگارؔ

49۔ مصرع مکمل کیجیے: ذرہ ذرہ تیری ــــــــــــــــ خاک کا معصوم ہے۔

(a) بالشت (b) مُشت (c) سقائی (d) شہادت

50۔ شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے:

(a) صحرائی (b) ارضی (c) آسمانی (d) جنت

51۔ سبق "ملمع" اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

(a) داستان (b) افسانہ (c) مضمون (d) ناول

52۔ "ملمع" کس کی تحریر ہے؟

(a) خدیجہ مستور (b) ہاجرہ مسرور (c) سجاد حیدر یلدرم (d) اشرف صبوحی

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

53۔ لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟
(a) اَٹھنی (b) ایک روپیا (c) پانچ کا نوٹ (d) دس روپے

54۔ سبق "چغل خور" مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟
(a) پنجابی لوک داستانیں (b) چینی لوک کہانیاں
(c) پنجاب کی لوک کہانیاں (d) جاپانی لوک کہانیاں

55۔ چغل خور کہاں رہتا تھا؟
(a) گاؤں میں (b) قصبے میں (c) شہر میں (d) بیرونِ ملک

56۔ درست تلفظ والا لفظ ہے:
(a) مَجَالِس (b) مُجَالِس (c) مِجالَس (d) مُجالَس

57۔ "اسلام" کا درست تلفظ ہے:
(a) اسلاَمُ (b) اَسلَام (c) اِسْلَامُ (d) اسْلاَم

58۔ قواعد کی رُو سے "اور" کیا ہے؟
(a) حرفِ جار (b) حرفِ عطف (c) حرفِ علّت (d) حرفِ اضافت

59۔ "شام و سحر" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(a) مرکب توصیفی (b) مرکب اضافی (c) مرکب عددی (d) مرکب عطفی

60۔ "لہٰذا" کون سے حروف میں شامل ہوتا ہے؟
(a) حرفِ علت (b) حرفِ ندا (c) حرفِ جار (d) حرفِ اضافت

61۔ شاعر کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی؟
(a) ایک ماہ سے (b) ایک سال سے (c) ایک مدت سے (d) ایک عرصے سے

62۔ سکونِ دل و حشی کا مقام کہاں نہیں؟
(a) کنجِ زنداں میں (b) وسعتِ صحرا میں (c) زمیں میں (d) کہیں نہیں

63۔ جھیل گئے دکھ جھیلنے والے سے مراد ہے:
(a) محنت کش (b) مزدور (c) کسان (d) پاکستان بنانے والے

64۔ پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں ہے:
(a) سورج (b) چاند (c) مرکزہ (d) روشن ستارہ

65۔ نام دیو مالی کے بچے تھے:
(a) صرف ایک (b) دو (c) تین (d) کوئی اولاد نہ تھی

66۔ سبق "نام دیو مالی" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

(a) چند ہم عصر (b) مقدماتِ عبدالحق (c) خطباتِ عبدالحق (d) بزمِ خوش نفساں

67۔ مصنف نے کس چیز کو بے گار کہا ہے؟

(a) جبری مشقت (b) بے مزہ کام (c) محض حکم کی تعمیل (d) ڈر کر کام کرنے کو

68۔ گدلا پانی پودوں کے لئے تھا:

(a) ضرر رساں (b) بے سود (c) مفید (d) آبِ حیات

69۔ درجۂ کمال تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے:

(a) جدوجہد (b) صلاحیت (c) خوش بختی (d) وسائل کا ہونا

70۔ ڈاکٹر سراج الحسن کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے:

(a) نباض (b) فیاض (c) مردم شناس (d) خوش مزاج

71۔ لفظ "عالم" کے درست اعراب ہیں:

(a) عَاَلِمْ (b) عَاُلِمُ (c) عَالِمْ (d) عِاُلِم

72۔ "محبوب" کا درست تلفظ ہے:

(a) مِحبُوب (b) مُحبُوبْ (c) مَحْبُوب (d) مِحبُوبْ

73۔ "دھلائی" قواعد کی رو سے ہے:

(a) اسم معاوضہ (b) اسم صفت (c) اسم مفعول (d) اسم معرفہ

74۔ اسم مکبر کی نشاندہی کیجئے:

(a) بتنگڑ (b) باتونی (c) بات (d) باتیں

75۔ "حالؔی" گرامر کی رو سے ہے:

(a) خطاب (b) لقب (c) کنیت (d) تخلص

76۔ سبق "استنبول" کس کی تحریر ہے؟

(a) اختر ریاض الدین (b) حکیم محمد سعید (c) قدرت اللہ شہاب (d) شفیع عقیل

77۔ شُتر کے گھر میں کیا آیا ہے؟

(a) ہوا کا جھونکا (b) خوش کن پیغام (c) پیامِ بہار (d) ایک اور اونٹ

78۔ اُردو میں قیدِ آزادی کسے کہتے ہیں؟

(a) قید بامشقت کو (b) شادی خانہ آبادی کو (c) جرم کی سزا کو (d) آزادی کے خاتمے کو

79۔ سر میں سودا بھی نہیں دل میں:

(a) دردِ دل بھی نہیں (b) چاہت بھی نہیں (c) تمنا بھی نہیں (d) اُمنگ بھی نہیں

80۔ مقطع میں کسے بُرا نہ کہنے کا ذکر کیا گیا ہے؟

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

(a) محبوب کے دوست کو (b) رقیب کو
(c) اپنے دوست کو (d) جو بُرا لگے

81۔ علی بخش کو زمین کہاں دی گئی تھی؟
(a) جھنگ (b) لائل پور (c) لاہور (d) خانیوال

82۔ حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟
(a) آدھا مربع (b) ایک مربع (c) دو مربعے (d) تین مربعے

83۔ علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کون سا پھل پسند کرتے تھے؟
(a) انگور (b) لوکاٹ (c) آم (d) خوبانی

84۔ مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا؟
(a) 672ء (b) 671ء (c) 673ء (d) 677ء

85۔ مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اُٹھایا؟
(a) پانچ (b) سات (c) آٹھ (d) نو

86۔ "اخلاق" کا درست تلفظ ہے:
(a) اِخْلَاق (b) اَخْلَاق (c) اَخَلَاق (d) اُخْلَاق

87۔ "جلوس" کا درست تلفظ ہے:
(a) جَلُوْس (b) جُلُوْس (c) جَلّوْس (d) جِلُوْس

88۔ "خدا کا بندہ" گرامر کی رو سے ہے:
(a) مرکب جاری (b) مرکب اشاری (c) مرکب عطفی (d) مرکب اضافی

89۔ جو حروف کسی وجہ یا سبب کو ظاہر کریں، کہلاتے ہیں:
(a) حروف اضافت (b) حروف علت (c) حروف تشبیہ (d) حروف عطف

90۔ فعل ماضی کی کتنی اقسام ہیں؟
(a) چھے (b) پانچ (c) چار (d) تین

91۔ رشید احمد صدیقی نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے کون سی سند لی؟
(a) ایم۔اے اُردو (b) ایم۔اے انگریزی (c) ایم۔اے تاریخ (d) ایم۔اے پنجابی

92۔ جو شخص اس سڑک پر گیا پھر:
(a) تھک کر چُور ہوا (b) زخمی ہو کر آ گیا (c) کبھی لوٹ کر نہ آیا (d) پھسل پڑا

93۔ سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے:
(a) ویرانی (b) آمدورفت (c) رونق ہی رونق (d) اداسی

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

94۔ شاعرہ کو کس بات پر فخر ہے؟
(a) اچھا شعر کہنے پر (b) محبوب کے ہم قدم ہونے پر
(c) آسماں مہربان ہونے پر (d) محبوب کے التفات پر

95۔ میر مجروؔح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟
(a) میر مجروؔح (b) میر نصیر الدین (c) میرن (d) شاہ محمد عظیم

96۔ علی گڑھ کا پُرانا نام ہے:
(a) کلول (b) کول (c) سندول (d) شہروز

97۔ شیو نرائن کہاں رہتے تھے؟
(a) علی گڑھ (b) آگرہ (c) سکندرآباد (d) حیدر آباد

98۔ رشید احمد صدیقی کے اعزاز کی تصدیق کی گئی:
(a) ٹی وی سے (b) ریڈیو سے (c) اخبار سے (d) رسالے سے

99۔ رشید احمد صدیقی نے پہلا خط کہاں سے تحریر کیا؟
(a) علی گڑھ سکول (b) علی گڑھ کالج (c) اسلامیہ کالج پشاور (d) علی گڑھ یونیورسٹی

100۔ درست تلفظ ہے:
(a) اَقَامَتُ (b) اِقَامَتُ (c) اُقَامَتُ (d) اِقَامِتُ

101۔ "حدود" کا درست تلفظ ہے:
(a) حَدُوْد (b) حِدُود (c) حُدُوْد (d) حِدَوْد

102۔ ہنگوں پر گرمی کا کیا اثر تھا؟
(a) پسینے چھوٹ رہے تھے (b) بے ہوش تھے
(c) جان لبوں پر تھی (d) ہانپ رہے تھے

103۔ "قائد ملت" گرامر کی رو سے ہے:
(a) خطاب (b) لقب (c) تخلص (d) کنیت

104۔ اکیلے با معنی لفظ کو کہتے ہیں:
(a) کلمہ (b) کلام (c) لفظ مہمل (d) حرف

105۔ پروگرام دانش کدہ میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟
(a) چار (b) تین (c) دو (d) سات

106۔ یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "ہلالِ عید کی گردُوں پہ آمد آمد ہے۔"
(a) اقبال رحمۃ اللہ علیہ (b) حفیظ جالندھری (c) عبدالمجید سالک (d) حالؔی

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

107۔ چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟
(a) نمکین (b) میٹھا (c) کھٹا (d) کڑوا

108۔ "میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت" کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(a) مرزا دبیر (b) میر انیس (c) مولوی میر حسن (d) میر خلیق

109۔ "ٹن ٹن" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟
(a) اسم مکبر (b) اسم آلہ (c) اسم صفت (d) اسم صوت

110۔ بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟
(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

111۔ وہ اسم جو خود تو مصدر وغیرہ سے بنے لیکن اُس سے کوئی لفظ نہ بنے:
(a) مفرد (b) مرکب (c) مشتق (d) جامد

112۔ درست تلفظ ہے:
(a) عَطَرْ (b) عَطْرْ (c) عِطْرْ (d) عِطَرْ

113۔ درست تلفظ ہے:
(a) مَشْفِقْ (b) مُشَفّقْ (c) مَشْفَقْ (d) مُشْفِقْ

114۔ شاملِ نصاب "نعت" کس شاعر کا ہدیۂ عقیدت ہے؟
(a) احسان دانش (b) حفیظ جالندھری (c) حفیظ تائب (d) علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ

115۔ نام دیو مالی ذات کا تھا:
(a) جاٹ (b) میراثی (c) ڈھیڑ (d) جولاہا

116۔ "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" مصنف کی کس تصنیف سے لیا گیا ہے؟
(a) گنجینۂ گوہر (b) اُردو نثر کے میلانات (c) خیالستان (d) پنجابی لوک داستانیں

117۔ "شہ زور" گرامر کے لحاظ سے ہے:
(a) اسم مکبر (b) اسم مصغر (c) اسم آلہ (d) اسم معرفہ

118۔ کانگریس نے نہرو رپورٹ کب شائع کی؟
(a) 1927ء (b) 1928ء (c) 1969ء (d) 1930ء

119۔ "دوپہر" گرامر کے لحاظ سے کیا ہے؟
(a) ظرف مکاں (b) اسم حالیہ (c) حاصل مصدر (d) ظرف زماں

120۔ جو اسم کسی کی اچھی یا بُری حالت کو ظاہر کرے، کہلاتا ہے:
(a) اسم ذات (b) اسم اشارہ (c) اسم صفت (d) اسم جامد

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

121۔ درست تلفظ ہے:

(a) مَبَلِّغ (b) مُبلَّغ (c) مُبَلِّغ (d) مَبلَّغ

122۔ چغل خور نے کسان سے اس کی بیوی کے بارے میں کیا کہا کہ وہ:

(a) کوڑھی ہو گئی ہے (b) پاگل ہو گئی ہے (c) اندھی ہو گئی ہے (d) باغی ہو گئی ہے

123۔ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں ہلالِ عید صرف خوشی ہی نہیں دیتا بلکہ:

(a) ہنسی بھی اُڑاتا ہے (b) رُلاتا بھی ہے (c) ڈراتا بھی ہے (d) آزماتا بھی ہے

124۔ "تدارک" کا درست تلفظ ہے:

(a) تَدَارُک (b) تَدَارَک (c) تَدَارِک (d) تِدَارِک

125۔ "مسدس" کا ہر بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

(a) تین (b) پانچ (c) چھ (d) چار

126۔ سبق "استنبول" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(a) سعید سیاح ترکی میں (b) یورپ نامہ (c) جرمن نامہ (d) ایک مسافر چار ملک

127۔ ظہیر احمد صدیقی کے والد کا نام کیا ہے؟

(a) رشید احمد صدیقی (b) ڈاکٹر محمد حسن (c) مولانا ضیا احمد (d) بشیر الدین

128۔ "جو" گرامر کے لحاظ سے کیا ہے؟

(a) اسم معرفہ (b) اسم موصول (c) اسم اشارہ (d) اسم نکرہ

129۔ مقطع کسے کہتے ہیں؟

(a) غزل کا پہلا شعر (b) غزل کا دوسرا شعر

(c) غزل کا آخری شعر (d) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو

130۔ نظم "کسان" شاعر کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

(a) حرف وحکایت (b) شعلہ وشبنم (c) جذباتِ فطرت (d) سرود وخردش

131۔ چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ کیا کرتا ہے؟

(a) بھاگ جاتا ہے (b) ہنس پڑتا ہے (c) شرمندہ ہو جاتا ہے (d) ناراض ہو جاتا ہے

132۔ خواجہ صاحب کے اصرار پر علی بخش ایک آدھ روز کے لئے مصنف کے ساتھ کہاں جانے کے لئے رضامند ہوا؟

(a) لاہور (b) جھنگ (c) شیخوپورہ (d) ملتان

133۔ "پون ٹوٹی" کا کیا مطلب ہے؟

(a) نامکمل (b) جرمانہ (c) ٹوٹ پھوٹ (d) محصول چونگی

134۔ "انتخاب" کا درست تلفظ کون سا ہے؟

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

(a) اِنْتَخَابْ (b) اَنْتِخَابْ (c) اَنْتَخَابْ (d) اِنْتِخَابْ

135۔ "پون ٹوٹی" (چونگی) کس چیز پر معاف تھی؟

(a) ترکاری اور اُپلے (b) غلہ اور ترکاری (c) پھل اور اُپلے (d) اناج اور اُپلے

136۔ "اُردو اَدب میں عید الفطر" کے مصنف کا نام ہے:

(a) ڈاکٹر وحید قریشی (b) اشرف صبوحی (c) مولوی عبد الحق (d) شفیع عقیل

137۔ "مدرسہ" کا درست تلفظ ہے:

(a) مَدْرَسَہ (b) مَدْرِسہ (c) مَدَرِسَہ (d) مَدَرَسَہ

138۔ "کل ہند مسلم لیگ" کب قائم ہوئی؟

(a) 1901ء (b) 1906ء (c) 1908ء (d) 1910ء

139۔ چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟

(a) لکڑی کا (b) لوہے کا (c) معماری کا (d) کھیتی باڑی کا

140۔ وہ مختصر نام جو شاعر اپنے اشعار میں استعمال کریں اسے کہتے ہیں:

(a) تخلص (b) لقب (c) خطاب (d) عرف

141۔ "دو چیزیں" گرامر کی رو سے کیا ہیں؟

(a) مرکب تابع موضوع (b) مرکب تابع مہمل

(c) مرکب توصیفی (d) مرکب عددی

142۔ "لکھنؤ" گرامر کی رو سے کیا ہے؟

(a) اسم موصول (b) اسم نکرہ (c) اسم معرفہ (d) اسم ذات

143۔ چھم چھم گرامر کی رو سے کیا ہے؟

(a) اسم صوت (b) اسم ظرف (c) اسم مصغر (d) اسم آلہ

144۔ بھول جاتا ہوں میں ــــــــــــــــــــ اس کے

(a) کرم (b) ستم (c) مذاق (d) ظلم

145۔ امین کے کیا معنی ہیں؟

(a) امن قائم کرنے والا (b) امان دینے والا

(c) دیانت دار (d) عمل کا پیکر

146۔ چراغ محبت کس نے روشن کیا؟

(a) حضرت آدم علیہ السلام نے (b) حضرت نوح علیہ السلام نے

(c) حضرت یوسف علیہ السلام نے (d) حضرت محمد ﷺ نے

Nauman Sadaf www.zahidenotes.com

147۔ چغل خور نے کسان سے کتنی تنخواہ پر کام کرنا منظور کیا؟
(a) دوسوروپے (b) چارسوروپے (c) پانچ سوروپے (d) بغیر تنخواہ کے

148۔ ہاجرہ مسرور کے ڈراموں کا مجموعہ ہے:
(a) وہ لوگ (b) ہائے اللہ (c) چوری چھپے (d) اندھیرے اجالے

149۔ شہزادوں اور شہزادیوں کی کسمپرسی کا ذکر کیا ہے؟
(a) سر سیّد نے (b) اکبر الٰہ آبادی نے
(c) خواجہ حسن نظامی نے (d) علامہ شبلی نعمانی نے

150۔ پرستان کی شہزادی کا نام تھا:
(a) زمرد پری (b) نیلم پری (c) نسیم پری (d) سہیل پری

151۔ اکبر کے آخری دور میں دین کی سربلندی کے لئے اُٹھ کھڑے ہوئے:
(a) حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ (b) شاہ اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ
(c) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ (d) احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

152۔ مرزا محمد سعید کا دوسرا ناول تھا:
(a) مذہب اور باطنیت (b) یاسمین (c) خوابِ ہستی (d) خواب سراب

153۔ سبق "ملمع" میں کس کی بیماری کا سن کر لڑکی نے سفر کیا؟
(a) تایاجان (b) ماموں جان (c) خالو جان (d) چچا جان

154۔ مصنف کے دوست انہیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے؟
(a) جام نگر (b) الٰہ آباد (c) احمد آباد (d) احمد نگر

155۔ سیدانی بی بچوں کو کہانیاں کس وقت سناتی تھیں؟
(a) صبح کی نماز کے بعد (b) مغرب کی نماز کے بعد (c) عشاء کی نماز کے بعد (d) عصر کی نماز کے بعد

156۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کب پیدا ہوئے؟
(a) 1930ء (b) 1912ء (c) 1922ء (d) 1812ء

157۔ مرزا محمد سعید کے پہلے ناول کا نام کیا ہے؟
(a) یاسمین (b) پھول (c) حاجرہ (d) ملکہ عالیہ

158۔ خواتین کا درست تلفظ ہے:
(a) خُواتِین (b) خَوَاتِیْن (c) خِواتیْن (d) خَواتیْن

159۔ بلحاظ گرامر "محمود کی کتاب" کیا ہے؟
(a) مرکب توصیفی (b) مرکب عطفی (c) مرکب اضافی (d) مرکب اشاری

Nauman Sadaf www.zahidenotes.com

160۔ "جس" بلحاظ گرامر کیا ہے؟
(a) اسم نکرہ (b) اسم موصول (c) اسم صوت (d) اسم آلہ

161۔ لفظ موضوع کتنی قسمیں ہیں؟
(a) دو (b) چار (c) پانچ (d) چھے

162۔ بقول جگر پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟
(a) غصہ (b) مسکراہٹ (c) خوبصورتی (d) ہنسی

163۔ نظم مال گودام روڈ شاعر کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟
(a) جیوے جیوے پاکستان (b) شعلہ و شبنم
(c) اندیشہ شہر (d) کلیاتِ اقبال

164۔ "میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت" میں دن کے مثالِ شبِ سیاہ ہونے کی وجہ کیا تھی؟
(a) دھوپ (b) گرمی (c) چھاؤں (d) صبح

165۔ استنبول کی فتح کے بعد سلطان نے جمعے کی نماز کہاں ادا کی؟
(a) کلیسا کے اندر (b) ایا صوفیہ (c) سلیمانیہ (d) مسجد سلطان احمد

166۔ رات کو کتنے بجے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ عبادت کے لئے اُٹھتے تھے؟
(a) ایک بجے (b) بارہ بجے (c) دو ڈھائی بجے (d) ایک ڈیڑھ بجے

167۔ "شفاخانہ" گرامر کی رو سے ہے:
(a) اسم آلہ (b) ظرف مکاں (c) ظرف زماں (d) اسم صوت

168۔ "چٹان" گرامر کی رو سے ہے:
(a) اسم مصدر (b) اسم جامد (c) اسم معرفہ (d) اسم صوت

169۔ مرزا صاحب نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال علی گڑھ میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے:
(a) دو (b) چار (c) چھ (d) آٹھ

170۔ سبق "پرستان کی شہزادی" میں پرستان میں موجود درختوں کی شاخیں تھیں:
(a) لکڑی کی (b) پیتل کی (c) چاندی کی (d) سونے کی

171۔ "تہنیتِ عید الفطر" نظم ہے:
(a) اقبال کی (b) حالؔی کی (c) حفیظؔ جالندھری کی (d) طالب الہ آبادی کی

172۔ "میاؤں میاؤں" قواعد کی رو سے ہے:
(a) اسم فاعل (b) اسم آلہ (c) اسم ضمیر (d) اسم صوت

173۔ ڈاکٹر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کو سوتے ہوئے جھٹکا لگتا تو کرتے تھے:

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

(a) دوائی لے لیتے تھے (b) علی بخش سے گردن کے پٹھے دبواتے
(c) سو جاتے (d) بے چین ہو کر ٹہلنے لگتے

174۔ درست اعراب والا لفظ ہے:
(a) مَذَاہِبْ (b) مِذَاھَب (c) مُذَاہِبُ (d) مَذَاہِب

175۔ شاہد احمد دہلوی، ڈپٹی نذیر احمد کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔
(a) بیٹے (b) نواسے (c) پوتے (d) بھانجے

176۔ مدرسہ دیوبند کی بنیاد رکھی:
(a) مولانا محمد علی نے (b) مولانا محمد قاسم نے (c) مولانا محمد احمد نے (d) مولانا شوکت علی نے

177۔ سجاد حیدر یلدرم کا سال پیدائش ہے:
(a) 1877ء (b) 1878ء (c) 1879ء (d) 1880ء

178۔ مرزا غالب کو تفتہ کا خط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے آتا تھا۔
(a) علی گڑھ (b) دِلّی (c) سکندر آباد (d) آگرہ

179۔ نظم "اونٹ کی شادی" کے شاعر ہیں:
(a) ادا جعفری (b) جمیل الدین عالؔی (c) دلاور فگاؔر (d) علامہ محمد اقبال

180۔ مرزا محمود سرحدی پیدا ہوئے:
(a) ملتان میں (b) بلتستان میں (c) قازقستان میں (d) مردان میں

181۔ گرامر کی رو سے "پیٹ کا ہلکا ہونا" سے مراد ہے:
(a) مجاز مرسل (b) تشبیہ (c) استعارہ (d) کنایہ

182۔ ہاجرہ مسرور افسانہ نگار کے علاوہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھی ہیں۔
(a) شاعرہ (b) ڈرامہ نگار (c) مزاح نگار (d) انشائیہ نگار

183۔ خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کی بربادی کے متعلق لکھے:
(a) قصّے (b) نوحے (c) افسانے (d) مضامین

184۔ سیدانی بی نے بتایا کہ انہیں پرستان میں بلایا گیا:
(a) ایک دفعہ (b) دو دفعہ (c) تین دفعہ (d) کئی دفعہ

185۔ مسلمانوں نے ہمیشہ اپنا شیوہ بنایا:
(a) خوشامد کو (b) محبت کو (c) رواداری کو (d) دوستی کو

186۔ مرزا محمد سعید لکھتے تھے:
(a) پیسے کے لئے (b) شہرت کے لئے

NaumanSadaf www.zahidenotes.com

(c) کسی کو خوش کرنے کے لئے (d) ذاتی تسکین کے لئے

187۔ درست تلفظ والا لفظ کون سا ہے؟

(a) لَا مُحَالَہ (b) لَامَحَالَہ (c) لَامِحَالَہ (d) لَامَحَالِہ

188۔ درست تلفظ والا لفظ ہے:

(a) بُلَنْد (b) بَلَنْد (c) بِلَنْد (d) بَلْنَد

189۔ "فرات" گرامر کی رو سے کیا ہے؟

(a) اسم نکرہ (b) اسم معرفہ (c) اسم ذات (d) اسم جامد

190۔ "وہ محبوب" گرامر کی رو سے کیا ہے؟

(a) مرکب جاری (b) مرکب توصیفی (c) مرکب اشاری (d) یہ تمام

191۔ "معلم" گرامر کی رو سے کیا ہے؟

(a) اسم فاعل قیاسی (b) اسم فاعل سماعی (c) اسم معرفہ (d) اسم ضمیر

192۔ اسی کی باغبانی سے ہے:

(a) نظامِ آسمانی (b) دسترخوان نعمت (c) بہارِ جاودانی (d) مظاہرِ قدرت

193۔ بشر کو پیدا کیا گیا:

(a) فطرت عجیب پر (b) فطرت یکساں پر (c) فطرت اسلام پر (d) خاندانی فطرت پر

194۔ "دباؤ" گرامر کی رو سے ہے:

(a) اسم مفعول (b) اسم حالیہ (c) حاصل مصدر (d) مصدر

195۔ "مشاہدہ" کا درست تلفظ ہے:

(a) مَشَاہِدَہ (b) مُشَاہُدَہ (c) مُشَاہَدَہ (d) مَشَّاہَدَہ

196۔ قواعد کی رو سے "اور" کیا ہے؟

(a) حرف جار (b) حرف عطف (c) حرف علت (d) حرف اضافت

197۔ قواعد کی رو سے "مسواک" کیا ہے؟

(a) اسم آلہ (b) اسم ظرف (c) اسم جامد (d) اسم مصدر

198۔ اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا؟

(a) دوسرے گاؤں (b) دوسرے شہر (c) بڑے قصبے (d) دبئی

199۔ پرستان سے سیدانی بی کو انعام ملا:

(a) روپیا پیسا (b) کنکر پتھر (c) خلعت اور زیورات (d) جواہرات

200۔ درست اعراب کے ساتھ لفظ ہے:

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

(a) مَسَافِر (b) مُسَافِر (c) مُسافَر (d) مَسِافَر

201۔ درست تلفظ بمطابق اعراب:

(a) طَالَبْ (b) طُالِب (c) طَالُبْ (d) طَالِب

202۔ مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس قومی شخصیت سے تھی؟

(a) نذیر احمد دہلوی (b) شاہد احمد دہلوی (c) سرسید احمد خان (d) مولوی عبدالحق

203۔ ریڈیو پاکستان سے پروگرام شروع کیا:

(a) حفیظ جالندھری نے (b) مرزا غالب نے (c) مرزا سعید نے (d) شاہد احمد دہلوی نے

204۔ شاہ اسماعیل سید احمد بریلوی کے تھے:

(a) دوست (b) مرید (c) مرشد (d) استاد

205۔ ڈاکٹر وحید قریشی پیدا ہوئے:

(a) سرگودھا میں (b) میانوالی میں (c) لاہور میں (d) سیالکوٹ میں

206۔ سبق "نام دیومالی" کے مصنف ہیں:

(a) شفیع عقیل (b) ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں (c) مولوی عبدالحق (d) اشرف صبوحی

207۔ حضور اکرم ﷺ نے انسانوں کو اصول دیا:

(a) پیغمبریت کا (b) رسالت کا (c) نبوت کا (d) محبت کا

208۔ جگر مراد آبادی کا اصل نام:

(a) علی بخش (b) علی احمد (c) علی سکندر (d) علی مراد

209۔ روزمرہ علم بیاں کی ایک:

(a) قسم ہے (b) عبارت ہے (c) اصطلاح ہے (d) صنف ہے

210۔ گرامر کی رو سے حسؔرت ہے:

(a) خطاب (b) لقب (c) عرف (d) تخلص

211۔ قواعد کی رو سے کون سی چیز اسم آلہ ہے؟

(a) مسجد (b) نہر (c) چھری (d) پھول

212۔ درست اعراب کے ساتھ لفظ ہے:

(a) تَعَاوُنْ (b) تِعَاوَن (c) تَعاوِنْ (d) تُعَاوِنْ

213۔ تلفظ درستگی اعراب کے ساتھ ہے:

(a) نِفَاسْت (b) نَفَاسَتْ (c) نَفاسِتْ (d) نَفُاسَت

214۔ سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور شاہ اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ کب شہید ہوئے؟

www.zahidenotes.com Nauman Sadaf

(a) 1821ء میں (b) 1831ء میں (c) 1841ء میں (d) 1857ء میں

**215۔** سبق "علی بخش" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(a) نفسانے (b) ماں جی (c) یا خدا (d) شہاب نامہ

**216۔** استنبول کا فاتح کون ہے؟

(a) سلطان محمد فاتح (b) مراد ثانی

(c) حضرت ابو ایوب انصاریؓ (d) سلطان سلیمان

**217۔** رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟

(a) دلّی (b) لاہور (c) لکھنؤ (d) علی گڑھ

**218۔** "قائداعظم" گرامر کی رو سے ہے:

(a) خطاب (b) کنیت (c) لقب (d) اسم ضمیر

**219۔** "پپّو" گرامر کی رو سے ہے:

(a) اسم معرفہ (b) عرف (c) کنیت (d) اسم جامد

**220۔** "وہ لکھے گا" گرامر کی رو سے ہے:

(a) فعل مستقبل (b) فعل مضارع (c) ماضی شکیہ (d) ماضی شرطیہ

**221۔** "مخالف" کا درست تلفظ ہے:

(a) مَخَالَفْ (b) مُخَالَفْ (c) مِخَالَفْ (d) مُخَالِفْ

**222۔** "کتاب" کا درست تلفظ ہے:

(a) کَتَابْ (b) کِتَابْ (c) کُتَابْ (d) کُتْاَبْ

**223۔** "شاہ سوار" گرامر کی رو سے ہے:

(a) اسم صوت (b) اسم ظرف (c) اسم آلہ (d) اسم مکبر

**224۔** لفظ "بخار" کا درست تلفظ ہے:

(a) بُخُارْ (b) بِخَارْ (c) بُخَارْ (d) بَخَارْ

**225۔** نظم "کسان" میں ارتقاء کا پیشوا کہا گیا ہے:

(a) معلّم کو (b) کسان کو (c) مزدور کو (d) صنعت کار کو

**226۔** ایک معزز ہندو گھرانے میں پیدا ہوئے:

(a) جوؔش (b) جگر (c) فگاؔر (d) فراقؔ

**227۔** مسجد ایا صوفیا کے برابر کیا واقع ہے؟

(a) جامعہ (b) قبرستان (c) مدرسہ (d) میوزیم

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

228۔ "تم کھاؤ" قواعد کی رو سے ہے:
(a) فعل امر (b) فعل تام (c) فعل معروف (d) فعل ناقص

229۔ مومن قواعد کی رو سے ہے:
(a) خطاب (b) لقب (c) عرف (d) تخلص

230۔ وہ اسم صفت جس سے ایک کو دوسرے سب سے بڑھایا جائے کہلاتا ہے:
(a) صفت نسبتی (b) صفت نفسی (c) صفت کل (d) صفت بعض

231۔ وہ اسم صفت جس سے کسی ایک کو دوسرے سے بڑھایا جائے، کہلاتا ہے:
(a) صفت نفسی (b) صفت بعض (c) صفت کل (d) صفت اصلی

232۔ اسم ضمیر کی اقسام ہیں:
(a) ضمیر فاعلی، ضمیر فعلی (b) ضمیر اضافی، اسم مکبر
(c) ضمیر فعلی، اسم ظرف (d) ضمیر فاعلی، اسم عرف

233۔ کائنات کا وجود نتیجہ ہے اللہ تعالیٰ کے:
(a) احکامات کا (b) چاہنے کا (c) حرف کُن کا (d) ارادے کا

234۔ محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟
(a) ڈاکٹر تاثیر (b) پطرس بخاری (c) فیض احمد فیض (d) حمید احمد خان

235۔ نظم "مال گودام روڈ" لکھنے سے شاعر کا مقصد کیا ہے؟
(a) طنز برائے نفرت (b) طنز برائے خوشامد (c) طنز برائے خوشی (d) طنز برائے اصلاح

236۔ مرکب تام کی کتنی قسمیں ہیں؟
(a) 3 (b) 2 (c) 4 (d) 1

237۔ "حاجت" کا درست تلفظ ہے:
(a) حَاجَتْ (b) حَاجَتِ (c) حَاجُتِ (d) حُاجُتِ

238۔ فعل کی بلحاظ زمانہ کتنی اقسام ہیں؟
(a) 4 (b) 2 (c) 3 (d) 1

239۔ "گھر میں" گرامر کے لحاظ سے کیا ہے؟
(a) مرکب اضافی (b) مرکب توصیفی (c) مرکب عددی (d) مرکب جاری

240۔ "تعارف" کا درست تلفظ ہے:
(a) تَعَارُفْ (b) تَعاُرِفِ (c) تعِاَرِفِ (d) تَعاُرُفِ

241۔ "چغل خور" سبق کا مصنف کون ہے؟

Nauman Sadaf www.zahidenotes.com

(a) شاہد احمد دہلوی (b) احسان دانش (c) مولوی عبدالحق (d) شفیع عقیل

242۔ لڑکی ٹکٹ گھر کے سامنے کس رنگ کا برقعہ پہنے کھڑی تھی؟

(a) سفید (b) سیاہ (c) لال (d) گلابی

243۔ سیدانی بی دو وقت کا کھانا کھانے کے بعد کیا کھانے کی عادی تھی؟

(a) سیب (b) آم (c) پان (d) چینی

244۔ درست تلفظ ہے:

(a) عَمَلَ (b) عَمْلُ (c) عُمَلُ (d) عَمَلُ

245۔ درست تلفظ ہے:

(a) جَسِمْ (b) جُسْمُ (c) جِسْمُ (d) جِسَمُ

246۔ مصدر کی اقسام ہیں:

(a) 1 (b) 2 (c) 3 (d) 4

247۔ "شمس العلماء" گرامر کی رو سے ہے:

(a) خطاب (b) لقب (c) تخلص (d) کنیت

248۔ ادا جعفری کی غزل کے پہلے شعر میں "چلے" کو کہیں گے:

(a) مطلع (b) ردیف (c) قافیہ (d) مقطع

249۔ متن کے مطابق محبوب پروردگار کا پیغام کیا ہے؟

(a) اصولِ محبت (b) غم گساری (c) امانت داری (d) غریب نوازی

250۔ مقبرہ رابعہ درانی کہاں واقع ہے؟

(a) دلی میں (b) اورنگ آباد میں (c) حیدرآباد میں (d) الہ آباد میں

251۔ پھولوں کا رنگ محبوب کی کس سے ملتا ہے؟

(a) ہنسی سے (b) شکل وصورت سے

(c) تازگی اور نزاکت سے (d) خوش پوشی سے

252۔ مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟

(a) ایک (b) دو (c) چار (d) آٹھ

253۔ قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:

(a) کام کرتی تھیں (b) کھڑی رہتی تھیں (c) دم نہ مارتی تھیں (d) کان پکڑتی تھیں

254۔ "جیدا" گرامر کی رو سے ہے:

(a) خطاب (b) تخلص (c) اسم عُرف (d) کنیت

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

255۔ درست تلفظ ہے:
(a) مَسْجَدْ (b) مَسْجِدْ (c) مَسَجِدْ (d) مُسَجَدْ

256۔ درست تلفظ ہے:
(a) جِھَادْ (b) جَھِادْ (c) جَھَادْ (d) جُھَادْ

257۔ نام دیومالی کے چہرے پر رہتی تھی:
(a) مسکراہٹ (b) بشاشت (c) سلوٹ (d) زردی

258۔ مرزا غالب کو حاکم اکبر سے کس چیز کی توقع ہے؟
(a) انعام (b) پنشن (c) وظیفہ (d) خلعت

259۔ کس نے انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا؟
(a) علامہ اقبال (b) قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ (c) سر سید احمد خان (d) محمد علی جوہر

260۔ میاں شُتر نے کس گاڑی پر سفر کیا؟
(a) چمکیلی (b) نئی (c) پرانی (d) سجاوٹ والی

261۔ جگر کو محبوب ملتا ہے:
(a) سادگی سے (b) آمادگی سے (c) خوشی سے (d) ہنسی سے

262۔ دو اسموں کو کون سا حرف آپس میں ملاتا ہے؟
(a) بیان (b) علت (c) جار (d) عطف

263۔ "لقب" اسم کی قسم ہے:
(a) نکرہ (b) ضمیر (c) عَلَم (d) ذات

264۔ خواجہ عبدالرحیم لاہور کے معروف تھے:
(a) بیرسٹر (b) مرچنٹ (c) پروفیسر (d) حکیم

265۔ "اونچی دیوار" قواعد کی رُو سے ہے:
(a) اسم معاوضہ (b) اسم صفت (c) اسم حالیہ (d) اسم مفعول

266۔ درست تلفظ ہے:
(a) تَرَنَّم (b) تَرَنِّم (c) تَرَنُّم (d) تُرنُّم

267۔ فاطمہ بنت عبداللہ کس اُمت کی آبرو ہے؟
(a) محفوظ (b) مغرور (c) مغفور (d) مرحوم

268۔ کسان کی بیوی نے کسان کی کلائی پکڑ لی:
(a) کود کر (b) لپک کر (c) اچھل کر (d) جھپٹ کر

Nauman Sadaf
www.zahidenotes.com

269۔ سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اتر کر داخل ہوا:
